رابطہ عالمِ اسلامی کے سیکرٹری جنرل کا تقرر

ایک مستحسن اقدام

جناب چودھری محمد یسین ظفر.
پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد

خادم الحرمین الشریفین نے ڈاکٹر عبداللہ بن صالح العبید کو رابطہ الاسلامی کا سیکرٹری جنرل نامزد کر دیا۔ باوثوق ذرائع کے مطابق خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبدالعزیز نے اسلامک یونیورسٹی مدینہ منورہ کے سابق چانسلر جناب ڈاکٹر عبداللہ بن صالح العبید کو رابطہ العالم الاسلامی کا جنرل سیکرٹری نامزد کر دیا ہے جو چند دنوں تک اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیں گے ان کے پیشرو جناب ڈاکٹر احمد محمد علی نومبر کے آخر میں جاکر تا انڈونیشیا میں منعقد ہونے والی اسلامی بنک کے اجلاس میں صدر منتخب ہو جائیں تاحال اس عہدے کے لئے کسی اور رکن ملک نے اپنا امیدوار نامزد نہیں کیا اسی طرح رجب کے آخر یا شعبان کے شروع میں رابطہ العالم الاسلامی کی مجلس تاسیسی کا سالانہ اجلاس مکہ مکرمہ میں منعقد ہو گا۔ جس میں نئے سیکرٹری جنرل کا انتخاب عمل میں آئے گا اور نامزد سیکرٹری جنرل جناب ڈاکٹر عبداللہ بن صالح العبید پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا جائے گا۔ جناب ڈاکٹر عبداللہ بن صالح العبید حفظہ اللہ ممتاز دانشور اور اصول پسند منتظم ہیں اور اداری کاموں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں آپ نے ۱۳۸۷ھ میں جامعہ امام محمد بن سعود الاسلامیہ ریاض سے گریجویشن کی۔ موصوف نے اپنی عملی زندگی کا آغاز ۱۳۸۳ھ میں ڈائریکٹر ایجوکیشن برائے خواتین زلفی سے کیا۔ اس کے بعد آپ وزارت دفاع اور ایئر فورس میں بھی بطور سیکرٹری کام کرتے رہے پھر آپ ۱۳۸۸ھ میں بطور ڈائریکٹر فرائض سرانجام دیتے رہے۔ اس کے بعد آپ اعلیٰ تعلیم کے لئے امریکہ تشریف لے گئے۔ اور ۱۳۹۷ میں آپ نے

OKLAHOMA یونیورسٹی سے ایم اے کیا اور ۱۳۹۹ھ میں آپ نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی وطن واپسی پر آپ ۱۴۰۱ھ میں شئون الحرمین میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر مقرر ہوئے ۱۴۰۷ھ میں آپ کو مدینہ یونیورسٹی کا وائس چانسلر مقرر کیا گیا اور ۱۴۰۳ھ میں آپ کو چانسلر بنایا گیا اور محرم ۱۴۱۷ھ تک اس عہدے پر فائز رہے۔

آپ کی خدمات اور وسیع تجربے کو مد نظر رکھتے ہوئے خادم الحرمین الشریفین نے انہیں اس اہم منصب کے لئے نامزد کر دیا۔ رابطہ العالم الاسلامی مسلمانوں کی عالمی اور عوامی تنظیم ہے جسکی بنیاد ۱۳۸۴ھ میں رکھی گئی جس کے بنیادی مقاصد یہ ہیں اسلام اور مسلمانوں کی ہر سطح پر مدد اور خدمت کرنا۔ مسلمانوں کے حقوق کا دفاع کرنا عالم اسلام کو پیش آمدہ مسائل پر قابل عمل پیش کرنا ہے اور مسلمانوں کے درمیان باہمی رابطہ پیدا کر کے اتحاد اور یکجہتی کو فروغ دینا ہے ان اعلیٰ اور ارفع مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے کسی ہمہ گیر شخصیت کی ضرورت ہوتی ہے اس سے قبل جناب الشیخ محمد علی الحرکان جناب الشیخ درۃ عبداللہ عمر نصیف ایسی شخصیات اس اہم منصب پر فائز رہی ہیں اور اب محترم ڈاکٹر عبداللہ العبید کا انتخاب بھی خوش آئند ہے یقیناً وہ اس منصب کے لئے موزوں ترین شخصیت ہیں۔

ہم محترم ڈاکٹر صاحب کو اس منصب جلیل کے لئے نامزد ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں اور خلوص دل سے اظہار اعتماد کرتے ہیں۔

رابطہ العالم اسلامی اور عالم اسلام کے تمام مسلمان بجا طور پر ڈاکٹر صاحب پر فخر محسوس کرتے ہیں کہ ان ایسی شخصیت کو رابطہ العالم اسلامی کا سیکرٹری جنرل نامزد کیا گیا ہے جو پورے عالم اسلام کے مسائل پر گہری نظر رکھتے ہیں اور مسلمانوں کے مسائل میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے وسیع تجربے اور پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مسلمانوں کے حقوق کا پوری قوت سے دفاع کریں گے ہماری نیک تمنائیں اور دلی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب و کامران فرمائے۔